حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ کی سیرت و مظلومانہ شہادت

محمد طارق نعمان

ذوالحج کے مہینے کو اسلامی سال میں خاص اہمیت حاصل ہے اس مقدس مہینے میں ایثار و قربانی کے بے شمار واقعات رونما ہوئے جن میں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے دو بہترے داماد، جامع قرآن حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا یوم شہادت بھی ہے اس مہینہ کی 18 تاریخ کو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے جام شہادت نوش کیا ہمارا ایمان ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام صحابہ عظمت و رفعت کے روشن ستارے ہیں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے صحابہ ستاروں کی مانند ہیں یعنی میرے صحابہ رشد و ہدایت کے ستارے ہیں۔ صحابہ کرام رحمت و دعا کی صفات و کمالات کا عکس ہے۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی سیرت کے بے شمار پہلو ہیں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار سے کسی کو صدیق اکبر لا الہ ملا کسی کو فاروق ملا اور کسی کو حیدر کرار لیکن سینۂ عثمان غنی رضی اللہ عنہ وہ خوش نصیب ہیں جنہیں دربار رسالت سے ذوالنورین کا عظیم لقب ملا۔ سینۂ عثمان غنی رضی اللہ عنہ بے پناہ خوبیاں اور کمالات رکھنے والے جلیل القدر صحابی تھے۔ آپ ایسے خوش نصیب تھے کہ زندگی میں ہی آپ کی بشارت سنی۔ یقینی ایسے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے معمولی اشارہ پر مسلمانوں کے لیے اپنے خزانوں کے منہ کھول دیے۔ زہد و تقویٰ ایسا کہ قبرستان سے گزر ہوتا تو چہرہ مبارک اشکبار ہو جاتا، نیک ایسے کہ زندگی بھر کبھی تہجد کی نماز قضا نہ کی۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی زندگی بھی قابل رشک تھی اور موت بھی قابل رشک۔ خلیفہ سوم حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے داماد، کاتب وحی اور عشرہ مبشرہ میں سے ہیں۔ آپ کا نام عثمان، والد کا نام عفان اور والدہ کا نام اروی ہے۔ آپ کی کنیت ابوعبداللہ اور لقب ذوالنورین اور غنی ہے۔ آپ نے اسلام کی راہ میں دو ہجرتیں کیں۔ ایک حبشہ اور دوسری مدینہ منورہ کی طرف۔ خلیفہ سوم حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قریش کی ایک شاخ بنوامیہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد عفان کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا۔ سلسلۂ نسب عبد مناف پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملتا ہے۔ حضرت عثمان ذوالنورین کی نانی نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی تھیں۔ آپ سب سے پہلے اسلام قبول کرنے والے لوگوں میں چوتھے نمبر پر ہیں۔ آپ نے خلیفہ اول سیدنا حضرت ابوبکر صدیق کی دعوت پر اسلام قبول کیا تھا۔ اسلام قبول کرنے کے جرم میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو ان کے چچا حکم بن ابی العاص نے لوہے کی زنجیروں سے باندھ کر دھوپ میں ڈال دیا، کئی روز تک علاحدہ مکان میں بند رکھا گیا، بچا نے آپ سے کہا کہ جب تک تم نئے مذہب (اسلام) کو نہیں چھوڑو گے آزاد نہیں کروں گا۔ یہ سن کر آپ نے جواب میں فرمایا کہ بچا! اللہ کی قسم میں مذہب اسلام کو کبھی نہیں چھوڑ سکتا اور اس ایمان کی دولت سے بھی دستبردار نہیں ہوں گا۔ آپ ایک خدا ترس اور غنی انسان تھے۔ آپ اللہ کی راہ میں دولت دل کھول کر خرچ کرتے۔ اسی بنا پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آپ کو غنی کا خطاب دیا۔ حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ ایک دفعہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا (اوپر پہننے کا) کپڑا اپنی مبارک رانوں پر رکھ لیا، اتنے میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے اور اندر آنے کے لئے اجازت طلب کی پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اندر آنے کی اجازت عنایت فرمائی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اسی حالت میں رہے پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ آئے اور اجازت طلب کی پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں بھی اجازت عنایت فرمائی پھر اسی حالت میں رہے پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ آئے اور اجازت طلب کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں بھی اجازت عنایت فرمائی عنہ آپ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے جسم اقدس کو اپنے کپڑے سے ڈھانپ لیا پھر انہیں اجازت عنایت فرمائی۔ پھر وہ صحابہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کچھ دیر باتیں کرتے رہے پھر باہر چلے گئے۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کی خدمت اقدس میں ابوبکر، عمر، علی اور دوسرے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین حاضر ہوئے لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی پہلی ہیئت میں تشریف فرما رہے جب حضرت عثمان رضی اللہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے جسم اقدس کو اپنے کپڑے سے ڈھانپ لیا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں اس شخص سے حیا نہ کروں جس سے فرشتے بھی حیا کرتے ہیں۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پہ چودہ سو صحابہ کرام نے بیعت کی اور انہیں دنیا میں ہی رب کی رضامندی حاصل ہوئی جو بیعت ہوئی اس کو بیعت رضوان کے نام سے پکارا جاتا ہے یہ اعزاز حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو حاصل ہوا کہ بیعت رضوان آپ کے لیے کی گئی۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم چودہ سو صحابہ کرام سمیت عمرہ کے لیے مکہ جاتے ہیں ایک مقام پر کفار اور مسلمانوں کے درمیان تصادم کا خطرہ پیدا ہو جاتا ہے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو ذوالنورین کا لقب ملا۔ یعنی دو نوروں والا۔ پہلا نکاح نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا سے ہوا جس دن بدر کی فتح کی خوشخبری مدینہ پہنچی اس وقت اہل مدینہ حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا کو دفن کر رہے تھے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ محبوب خدا کی بیٹی کی قبر پہ مٹی ڈال رہے تھے حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا کی وفات کے بعد حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ غمگین و اداس رہتے تھے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے بیحد شرمندہ رقیہ کی وفات کی وجہ سے فوت گیا ہے جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کو اس بات کا علم ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا ہاتھ قرار دے کر خود بیعت لیتے ہیں۔ گویا ”یہ کا ہاتھ عثمان کا ہاتھ عثمان کا ہاتھ نبی کا ہاتھ“

حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر قیامت تک حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے علاوہ کوئی ایسا معاہدہ منظر نہیں جس کے عقد کرانے میں ایک ہی نبی کی دو صاحبزادیاں آئی ہوں۔ قبول اسلام کے بعد حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو شرف حاصل ہوا وہ آپ کی کتب منقبت کا سب سے درخشندہ باب ہے آپ رضی اللہ عنہ داماد رسول ہیں اور ایسے خوش نصیب انسان ہیں کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی دو بیٹیاں یکے بعد دیگرے آپ کے نکاح میں آئیں اس اعزاز کی بدولت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو ذوالنورین کا لقب ملا۔ یعنی دو نوروں والا۔ پہلا نکاح نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا سے ہوا جس دن بدر کی فتح کی خوشخبری مدینہ پہنچی اس وقت اہل مدینہ حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا کو دفن کر رہے تھے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ محبوب خدا کی بیٹی کی قبر پہ مٹی ڈال رہے تھے حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا کی وفات کے بعد حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ غمگین و اداس رہتے تھے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے بیحد شرمندہ رقیہ کی وفات کی وجہ سے فوت گیا ہے جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بات کا علم ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا ہاتھ قرار دے کر خود بیعت لیتے ہیں۔ گویا ”یہ کا ہاتھ عثمان کا ہاتھ عثمان کا ہاتھ نبی کا ہاتھ“

شہادت عثمان ذوالنورین: نبا نیھوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے گھر کا محاصرہ چالیس روز تک کیے رکھا۔ پینے کے لیے پانی تھا نہ کھانے کے لیے کچھ، وہ عثمان جس نے مسلمانوں کے لیے بیئر رومہ کو خرید کر وقف کیا ایک وقت ایسا آیا کہ وہ خود پانی کو ترس رہے تھے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے گھر پہ پہرے دار حضرت علی رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہما کے جگر کے ٹکڑے اور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے نواسے حضرات حسنین کریمین تھے، باغی دیوار پھلانگ کے اندر گھر میں داخل ہوئے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ قرآن پاک کی تلاوت فرما رہے تھے یہ آیت ورد زبان تھی **فسیکفیکھم اللہ** امت میں ظالموں نے تلوار چلائی تو آپ کی زوجہ محترمہ حضرت نائلہ آگے بڑھی ہاتھوں سے روکنے کی کوشش کی وار کو، حضرت نائلہ کی ہاتھوں کی انگلیاں ایک ظالم کے وار سے ہاتھوں سے جدا ہوگئیں۔ ظالموں نے سب سے پہلا وار قرآن پاک پہ کیا پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پر۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے خون کا پہلا قطرہ جا کر قرآن پاک پہ گرا، قیامت کے دن حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کی گواہی خدا کا پیارا قرآن دے گا۔ 18 ذوالحج کو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو باغیوں نے شہید کیا۔

اپنی دوسری صاحبزادی حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہما کا نکاح حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے کر دیا جب ان کا بھی انتقال ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عثمان! اگر میری چالیس بیٹیاں بھی ہوتیں تو میں یکے بعد دیگرے تیرے نکاح میں دے دیتا۔

نعت رسولؐ

ڈاکٹر حافظ کرناٹکی

شہہ کونینؐ محبت سے جدھر دیکھیں گے
پھولتے پھلتے امیدوں کے شجر دیکھیں گے

اُس طرف خلد کے نظارے سمٹ آئیں گے
یا نبی کہہ کے یہ دیوانے جدھر دیکھیں گے

جانے کب خواب میں آئیں گے مدینے والے
جانے کب شامِ شبِ غم کی سحر دیکھیں گے

کب مدینے کا سفر ہوگا میسر کب ہم
جگمگاتے ہوئے قسمت کا گہر دیکھیں گے

روز و شب ہوتی ہے انوار کی بارش ہر سو
چل کے اکبار مدینے میں مگر دیکھیں گے

صورتِ آئینہ حیران ہی رہ جائیں گی
اہل عالم جو مسلماں کا جگر دیکھیں گے

تیری تقدیر بدل جائے گی دم بھر میں ضیاؔء
اک نظر سرورِ عالمؐ جو ادھر دیکھیں گے

ضیاء قادری اجمیری حیدرآباد

☆☆

لبوں پر مُہر ہیں باتیں نبیؐ کی
صداقت کے گواہ ہیں باتیں نبیؐ کی

کوئی اس میں تبدیلی آئے گی کیسے
زمانے کو ازبر ہیں باتیں نبیؐ کی

بڑی بندہ پرور ہیں باتیں نبیؐ کی
گماں اِن پہ ذرّہ برابر بھی کیا ہو

حقیقت سراسر ہیں باتیں نبیؐ کی
ہر اک لفظ کھولے گا دَر مغفرت کے

مِنّت کا جوہر ہیں باتیں نبیؐ کی
اِسے اوڑھنا اور بچھونا بنا لو

حدیثوں کی چادر ہیں باتیں نبیؐ کی
جو جنّت کو جائے گا وہ جان لے گا

کہ حوروں کا زیور ہیں باتیں نبیؐ کی
جنہوں نے سنی ہیں وہ کہتے ہیں ڈٹ کر

بلند اور برتر ہیں باتیں نبیؐ کی
ہماری نظر سے جو اوجھل رہا ہے

وہ نادیدہ منظر ہیں باتیں نبیؐ کی
دکھائی تو دیتی ہیں بوندوں سی حافظؔ

مگر اک سمندر ہیں باتیں نبیؐ کی

یہود و نصاریٰ کی نااہلی اور بداعمالیاں

عبدالحفیظ اسلامی

سورۂ توبہ میں ہے، اے ایمان لانے والو! ان اہل کتاب کے اکثر علماء اور درویشوں کا حال یہ ہے کہ وہ لوگوں کے مال باطل طریقوں سے کھاتے ہیں اور انہیں اللہ کی راہ سے روکتے ہیں۔ دردناک سزا کی خوشخبری دو ان کو جو سونا اور چاندی جمع کر کے رکھتے ہیں اور انہیں خدا کی راہ میں خرچ نہیں کرتے۔ ایک دن آئے گا کہ اسی سونے چاندی پر جہنم کی آگ دہکائی جائے گی اور پھر اسی سے ان لوگوں کی پیشانیوں اور پہلوؤں اور پیٹھوں کو داغا جائیگا۔ یہ ہے وہ خزانہ تم نے اپنے لئے جمع کیا تھا، لو اب اپنی سمیٹی ہوئی دولت کا مزہ چکھو۔ مذکورہ دو آیات مبارکہ میں اللہ تبارک تعالیٰ نے اہل کتاب (یہود و نصاریٰ) کے اکابرین کے کالے دھندوں کا حال بیان فرمایا پھر آگے ان لوگوں کو اس بات سے آگاہ کر دیا کہ جو لوگ مال و دولت جمع کرتے ہیں مگر اللہ کی راہ میں (انفاق فی سبیل اللہ) نہیں نکالتے ان لوگوں کو چاہیے کہ دردناک سزا ان کیلئے تیار ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اپنی بات ختم فرمانے سے قبل یوم قیامت (قیامت کی یاد دہانی فرماتے ہوئے یہ بات واضح کر دی کہ باطل طریقہ سے کمایا ہوا مال اور اللہ کی راہ میں خرچ کرنے سے جی چراتے ہوئے جمع کی گئی دولت کس طرح ان مجرمین کو لے ڈوبے گی اس کی تفتیش پھر کھینچا گیا کہ جو مال یہ کماتے ہیں یہی ان کیلئے تکلیف دینے کا سامان بن جائے گا۔

یہود و نصاریٰ کی نااہلی اور بداعمالیاں: اہل کتاب (یہود و نصاریٰ) کی نااہلی تھی کہ اللہ نے اپنے رسولوں کے ذریعہ ان پر اپنے احکام (مرضیات) کی تعلیمات کو واضح فرما دیا، مگر ان لوگوں کی اکثریت نے اس سے درس حاصل نہیں کیا۔ اپنی زندگی کو اس کے مطابق نہیں بنایا بلکہ ان ناہنجاروں نے اپنے نبی سے طرح طرح کے مطالبہ کئے، حیلے بہانوں سے کام لیا۔ اللہ کی کتاب کے عین مطابق دنیا کا نظام چلانے کے بجائے خود ساختہ طریقوں پر عمل کیا۔ علاوہ ازیں ان کی ناشکری و ناقدری کا عالم یہ تھا کہ ”اللہ نے انہیں مشکل سے نکال کر راحت بخشی اور کمزور سے طاقتور بنایا، مگلجوی سے آزاد کر کے حاکم بنایا اور ملک کا اقتدار ان کے ہاتھوں میں دے دیا اور سب سے بڑی نعمت یہ عطا کی کہ آخرت بنانے اور ملک کا نظام چلانے اپنے رسولوں کے ذریعہ تورات و انجیل کو دستور حیات کی حیثیت سے ان تک پہنچایا مگر انہوں نے اللہ کی ان نعمتوں کی قدر نہیں کی تو اللہ نے بھی ان کی نااہلی کی بدولت دنیا کی امامت ان سے چھین لی۔ ان کی بداعمالیوں کا حال یہ تھا کہ اپنی شب و روز کی زندگی میں افراط و تفریط کا شکار ہو گئے مفاد و زیاں کی خاطر حق کو چھپانے کی کوشش کرنے لگے، اللہ کی نازل کردہ کتابوں میں تحریف کی گئی، من چاہے طریقہ سے حرام کو حلال کر لیا اور حلال کو زبردستی حرام قرار دے لیا حد تو یہ ہے کہ عوام کو غلط راہ پر لگانے کا احتمال کیا اور اللہ کی آیات کو (قلیل زر کے عوض) فروخت کر دیا یہود و نصاریٰ کے اکابرین نے اس طرح کی اجارہ داری قائم کر دی کہ اللہ نے جو کتاب ان پر اتاری تھی اس کی تعلیمات کو صرف اپنے حلقوں کی حد تک محدود کر دیا۔ اس طرح یہ لوگ مغضوب ہوئے اور اپنے ہی ہاتھوں سے اللہ کے عذاب کو بلایا۔ آخکار دنیا میں یہ لوگ ذلیل خوار ہوئے اور آخرت کا دردناک عذاب بھی تیار ہے۔

اکابرین اہل کتاب کے سیاہ و سفید: فرمایا: ان اہل کتاب کے اکثر علماء اور درویشوں کا حال یہ ہے کہ وہ لوگوں کے مال باطل طریقوں سے کھاتے ہیں۔ اس طرح احبار سے مراد علماء یہود ہیں۔ کہ یہ غلط باتوں کو حسین لباس پہنا کر عوام کے سامنے پیش کرتے ہیں اور اپنے مفادی خاطر لوگوں کی خواہش کے مطابق فتوی دیتے اور ”رہبان“ جمع ہے راہب کی، جو ”رہبر“ سے مشتق ہے۔ اس سے مراد علماء یہود و نصاریٰ ہیں، جو گیوں و درویشوں کی شکل میں عوام کے سامنے آتے ہیں اور تارک دنیا ہونے کا ڈھونگ رچاتے ہیں۔ غرض کہ فرمایا جا رہا ہے کہ اہل کتاب کے اکثر علماء و درویش لوگوں کا مال ناحق کھا جاتے ہیں۔ ا، مولانا عبدالرحیم الدین صاحبؒ نے یوں لکھا ہے۔ ”اس طرح کہ دین کے احکام بدل کر لوگوں سے رشوتیں لیتے ہیں اور اپنی کتابوں میں طمع زر کیلئے تحریف و تبدیل کرتے ہیں اور کتب سابقہ کی جن آیات میں سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی نعت و صفت مذکور ہے ان کو مخالفت کی اور اسلام کے خلاف بڑے خوبصورت انداز میں زہر افشانی کی۔ تارک دنیا کا ڈھونگ رچا کر عوام کے پیسے پر عیش اڑانے لگے۔ غرض کہ ان پیٹ کے پجاریوں نے اپنے مفادی خاطر عوام کو راہ حق سے روک رکھا۔“ یعنی علماء صرف یہی نہیں کرتے کہ فتوے بیچتے ہیں، رشوتیں کھاتے ہیں، نذرانے لوٹتے ہیں، ایسے ایسے مذہبی ضابطے اور مراسم ایجاد کرتے ہیں جن سے لوگ اپنی نجات ان سے خریدیں اور ان کا مرنا جینا اور شادی و غم بھی ان کو کھائے بغیر نہ ہو سکے اور وہ اپنی قسمتیں بنانے اور بگاڑنے کا ٹھیکہ دار ان کو سمجھ لیں، بلکہ مزید برآں اپنی انہی اغراض کی خاطر یہ حضرات خلق خدا کو گمراہیوں کے چکر میں پھنسائے رکھتے اور جب بھی کوئی دعوت حق اصلاح کیلئے اٹھتی ہے تو سب سے پہلے یہی اپنی عالمانہ فریب کاریوں اور پہلوانوں کو لے کر اس کا راستہ روکنے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ (تفہیم القرآن جلد دوم صفحہ 191 حاشیہ ۳۳)

اکابرین کی بگاڑ کا عوام پر اثر: فرمایا: ترجمہ: کرتا رہا۔ (حوالہ تشریح القرآن)

علماء یہود و نصاریٰ کی ایک اور بڑا جرم: اس طرح ان مجرمین کے بداعمالیوں کا تذکرہ فرمانے کے بعد ایک اور بڑے جرم کی طرف اللہ تعالیٰ نشاندہی فرما رہے ہیں۔ وہ یہ کہ **وَیَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ** اور انہیں اللہ کی راہ سے روکتے ہیں۔ یعنی مذہب اسلام اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت قبول کرنے سے لوگوں کو روکتے ہیں اگر لوگ مذہب اسلام قبول کر لیں اور آپ کے حکومت حق پرست پر بیعت کرتے ہوئے اسلامی طرز زندگی اختیار کرنے لگیں تو ہماری اجارہ داری و لیڈری ختم ہو جائے گی۔ لہٰذا یہی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کی اور اسلام کے خلاف بڑے خوبصورت انداز میں زہر افشانی کی۔ تارک دنیا کا ڈھونگ رچا کر عوام کو بے وقوف بنایا گیا۔ غرض کہ ان پیٹ کے پجاریوں نے اپنے مفادی خاطر عوام کو راہ حق سے روک رکھا۔ ”یعنی خلق اللہ صرف یہی نہیں کرتے کہ فتوے بیچتے ہیں، رشوتیں کھاتے ہیں، نذرانے لوٹتے ہیں، ایسے ایسے مذہبی ضابطے اور مراسم ایجاد کرتے ہیں جن سے لوگ اپنی نجات ان سے خریدیں اور ان کا مرنا جینا اور شادی و غم بھی ان کو کھائے بغیر نہ ہو سکے اور وہ اپنی قسمتیں بنانے اور بگاڑنے کا ٹھیکہ دار ان کو سمجھ لیں، بلکہ مزید برآں اپنی انہی اغراض کی خاطر یہ حضرات خلق خدا کو گمراہیوں کے چکر میں پھنسائے رکھتے اور جب بھی کوئی دعوت حق اصلاح کیلئے اٹھتی ہے تو سب سے پہلے یہی اپنی عالمانہ فریب کاریوں اور پہلوانوں کو لے کر اس کا راستہ روکنے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ (تفہیم القرآن جلد دوم صفحہ 191 حاشیہ ۳۳)

اکابرین کی بگاڑ کا عوام پر اثر: فرمایا: ترجمہ:

موجودہ آفت کے ہم خود ذمہ دار

ابونصر فاروق

دنیا کی زندگی کے ہر لمحے اور اللہ کی طرف سے دی جانے والی ہر مہلت کا قیامت میں حساب لیا جائے گا اور اسی کی بنیاد پر انسان کے جنتی اور جہنمی ہونے کا فیصلہ ہوگا اس تصور کو بھی سمجھ لیا جائے تو انہیں ماتی ہے۔ اس طرح یہ مکمل آبادی قرآن و سنت کی تعلیمات کی روشنی میں زمین اور آسمان کے بیچ زندہ رہنے کا حق کھو چکی ہے۔ جو لوگ مسلمان کہے جاتے ہیں ان کا دعویٰ ہے کہ وہ اوپر لکھی ہوئی باتوں پر ایمان لاتے ہیں اور ان کو مانتے ہیں۔ لیکن سچائی یہ ہے کہ ایک لاکھ میں شاید ایک مسلمان ایسا ملے گا جسے دیکھ کر اندازہ ہوگا کہ واقعی یہ دین کی راہ پر چلنے والا، شریعت کی پیروی کرنے والا، حرام حلال کے فرق کو سمجھنے والا، اللہ اور اس کے بندوں کا خوف رکھنے والا، اللہ سے ڈرنے والا اور آخرت کی فکر کرنے والا ہے۔ انسانیت کا خادم اور ہمدرد ہے اور اپنی ذات سے زیادہ اسے دوسرے انسانوں کی بھلائی اور تکلیف کی فکر رہتی ہے۔ عام طور پر اخلاق و ایمان کے اعتبار سے مسلمان بھی دیسے ہی گمراہ، بے دین، بے غیرت، بدکار، بے حیا اور دنیا کے لالچی دکھائی دیتے ہیں جیسے غیر مسلم دنیا کی عادت اور حالت ہے۔ اب نیچے کی آیتوں میں پڑھیے کہ اللہ تعالیٰ قرآن سے غافل رہنے والے اور اس پر عمل نہیں کرنے والے کے ساتھ دنیا میں کیا برتاؤ کرتا ہے۔ اب اُس سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا جو اللہ کی آیات کو جھٹلائے اور اُن سے منہ موڑے، جو لوگ ہماری آیات سے منہ موڑتے ہیں اُنہیں اُن کی لاپرواہی کے نتیجے میں ہم بدترین سزا دے کر رہیں گے۔ (انعام: ۱۵۷) اور اُس سے بڑا ظالم کون ہوگا جسے اُس کے رب کی آیات کے ذریعہ نصیحت کی جائے اور پھر وہ اُن سے منہ پھیرے، ایسے مجرموں سے تو ہم انتقام لے کر رہیں گے۔ (السجدہ: ۲۲)

اور جو میرے ذکر (درس نصیحت) سے منہ موڑے گا اُس کے لئے دنیا میں تنگ زندگی ہوگی اور قیامت کے روز ہم اُسے اندھا اٹھائیں گے۔ (۱۲۴) وہ کہے گا پروردگار! دنیا میں تو میں آنکھوں والا تھا۔ یہاں مجھے اندھا کیوں اُٹھایا؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا، ہاں جس طرح ہماری آیات کو جب کہ وہ تیرے پاس آئی تھیں، تو نے بھلا دیا تھا، اسی طرح آج تو بھلایا جا رہا ہے۔ (طٰہٰ: ۱۲۴ تا ۱۲۶)

مسلمان اگر سچے اہل ایمان ہوتے، شریعت کی پیروی کرکے دنیا کو دکھاتے کہ دیکھو قلیل آمدنی میں، سادہ انداز سے زندگی گزار کر ہم کیسے سکون سے خوش گوار اور مطمئن زندگی گزار رہے ہیں۔ تم بھی اللہ کی بندگی کرو تم بھی اللہ کی نعمت سے مالا مال ہو جاؤ گے۔ یہ غیر مسلموں کی خدمت کرتے، اُن کے کام آتے، اُن کی بھلائی کے لئے جد و جہد کرتے تو وہ غیر مسلم ان کے دشمن نہیں ان کے دوست، ہمدرد اور خیر خواہ بن جاتے۔ لیکن ان مسلمانوں نے ایسا نہیں کیا، بلکہ اپنے حق کے لئے لڑتے رہے اور مسلمانوں کی ان حماقت اور نادانی کے نتیجے میں ان کو ان کا حق تو نہیں ملا لیکن ان کے بدخواہ اور دشمن گروہ نے اُن پر ظلم کی چکی چلا دی۔ اور قحط ہو گیا تھا تو حضرت عمرؓ جو خلیفہ تھے انہوں نے نماز پڑھی اور اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگتے رہے۔ نماز مکمل کرنے کے بعد جب واپس ہونے لگے تو ایک صحابی نے پوچھا اے امیر المؤمنین آپ نے تو بارش کی دعا کی ہی نہیں۔ خلیفہ نے فرمایا! نسانوں کے گناہ جب بڑھ جاتے ہیں تو رحمت کے دروازے بند ہو جاتے ہیں۔ میں نے تو یہ استغفار کے ذریعہ اُن دروازوں کے کھلنے کا بندوبست کر دیا ہے۔ میں نے اوپر جو بات لکھی ہے وہ اس واقعہ کی روشنی میں سمجھا جا سکتا ہے کہ غیر مسلموں کے نہیں اہل ایمان کے گنہگار ہونے کے سبب اللہ کی رحمت و برکت کی برسات رک جاتی ہے۔ مسلمان اگر اپنی اصلاح کر لیں، سچے اور پکے مسلمان بن جائیں، حرام خوری چھوڑ دیں، ظلم و زیادتی سے توبہ کر لیں، مسلمانوں سے نفرت کی جگہ محبت کرنے والے بن جائیں اور اللہ کے بندوں کے خادم اور خدمت گار بن جائیں تو پک جھپکتے موسم بدلے گا اور زمین پر پلنے والے اطمینان کی سانس لیں گے۔ خبر آ رہی ہے کہ مانسون تو آیا ہے مگر وہ بھی اس طرح آیا ہے کہ سیلاب پیدا ہو گیا ہے اور ہزاروں ہزار کی آبادی اُس سے متاثر ہو کر تباہ و برباد ہو گئی ہے۔ ممکن ہے کہ برسات بھی پوری دنیا کے لئے راحت نہیں آفت لائے تب کیا ہوگا؟

اللہ تعالیٰ فرما رہا ہے: ہم میں کچھ لوگ تو ایسے ضرور ہونے چاہئیں جو نیکی کی طرف بلائیں، بھلائی کا حکم دیں، اور برائیوں سے روکتے رہیں۔ جو لوگ یہ کام کریں گے وہی فلاح پائیں گے۔ (البقرہ: ۱۰۴)

حضرت ابوسعید خدریؓ روایت کرتے ہیں رسول اللہؐ نے فرمایا: تم میں سے جو آدمی کسی برائی کو دیکھے تو اُسے ہاتھ سے بدل دے اگر یہ نہ کر سکے تو زبان سے بدل دے اور اگر یہ بھی نہ کر سکے تو دل سے بدل دے اور یہ سب سے کمزور ایمان ہے۔ (نسائی)

حضرت جریرؓ بن عبداللہ کا بیان ہے اُنہوں نے رسول اللہؐ کو فرماتے ہوئے سنا کسی قوم کا کوئی آدمی اُن کے درمیان گناہ کرتا ہو اور وہ اُسے روکنے کی طاقت رکھنے کے باوجود نہ روکیں تو اللہ تعالیٰ اُن کی موت سے پہلے اُن کو عذاب میں مبتلا کر دے گا۔ (ابوداؤد)

حضرت حذیفہؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریمؐ نے فرمایا: اُس ذات کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے تم ضرور نیک باتوں کا حکم دیتے رہنا اور بری باتوں سے روکتے رہنا ورنہ قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ تم پر عذاب مسلط کر دے گا پھر تم دعا کرو گے مگر تمہاری دعا قبول نہیں ہوگی۔ (ترمذی) کاش میری اس تحریر کو اللہ تعالیٰ مسلمانوں کی ہدایت اور دین پسند بنانے کا ذریعہ بنا دے، اُن کو نیک بننے کی توفیق دے اور اس قابل بنا دے کہ اُن کی دعائیں قبول ہوں اور وہ اللہ سے موجودہ آفت کو ٹالنے کی دعائیں کریں اور پوری دنیا کی انسانی آبادی اُن کی بدولت موجودہ آفت سے نجات پا لے۔ اس کے لئے اپنے گناہوں کا اقرار و اعتراف اور اللہ تعالیٰ سے معاف کرنے کے لئے توبہ اور استغفار کی کثرت شروع ہو جائے۔